حج کی قربانی کسی ادارے کے ذریعے کروانا

مجیب: محمدعرفان مدنی عطاری

فتوی نمبر: WAT-770

تاریخ اجراء: 1ذوالقعدۃالحرام1443ھ/01جون2022

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیاحج میں قربانی Islamic development bank کے ذریعے کرسکتے ہیں؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

بینک وغیرہ کے ذریعے قربانی کروانے کے بجائے اپنی قربانی خود کریں کہ بینک وغیرہ کے ذریعے کروانے میں بہت ساری پیچیدگیاں ہیں۔لہذا اپنی قربانی خود کریں، کسی بینک وغیرہ میں قربانی کی رقم جمع نہ کروائیں۔

بینک وغیرہ کے ذریعے قربانی کروانے کے متعلق امیر اہل سنت دامت برکاتہم العالیۃ تحریر فرماتے ہیں:"آج کل بَہُت سارے حاجی صاحِبان بینک میں قُربانی کی رقم جمع کرواکرٹوکن حاصِل کرتے ہیں، آپ ایسامت کیجئے۔ ادارے کے ذَرِیعے قُربانی کروانے میں سَراسَر خطرہ ہے کیونکہ مُتَمَتِّع اور قارِن کے لیے یہ ترتیب واجِب ہے کہ پہلے رَمی کرے پھر قُربانی اور پھر حَلْق اگراِس ترتیب کے خِلاف کیاتودَم واجِب ہو جائے گا۔اب آپ نے اِدارے کو رقم جمع کروادی، اُنہوں نے اگرچِہ قُربانی کاوَقت بھی بتادِیا پھر بھی اِس بات کا پتالگنا بے حد دُشوار ہے کہ آپ کی طرف سے قُربانی وَقت پر ہوئی یا نہیں! اگر آپ نے قُربانی سے پہلے ہی حَلْق کروادِیا تو آپ پر "دَم" واجِب ہو جائے گا۔اِدارے کے ذَرِیعے قُربانی کروانے والوں کو یہ اِختیار دِیا جاتا ہے کہ اگر وہ اپنی قُربانی کا صحیح وَقت معلوم کرنا چاہیں تو 30 اَفراد پر اپنا ایک نمایَندہ منتخب کرلیں اُس کو پھر "خُصُوصی پاس" جاری کیا جاتا ہے اور وہ جاکر سب کی قُربانیاں ہوتی دیکھ سکتا ہے۔ مگر یہاں بھی ایک خطرہ موجود ہے اور وہ یہ کہ اِدارے والے لاکھوں جانور خریدتے ہیں اور اُن سب کا بے عَیب ہونا قریب بہ ناممکن ہے۔ اکثر کاروان والے بھی اجتِماعی قُربانیوں کی ترکیب کرتے ہیں مگر ان میں بھی بعضوں کی "بد عُنوانیوں" کی بدترین داستانیں ہیں! بَہَر حال مناسِب یِہی ہے کہ اپنی قُربانی آپ خود ہی کریں۔" (رفیق الحرمین، صفحہ195،196،مکتبۃالمدینہ، کراچی)

وَاللهُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُه اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net

daruliftaahlesunnat

DaruliftAhlesunnat

Dar-ul-Ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net